سوال

(284) میں سورج گرہن سے ڈرتی ہوں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میری مشکل یہ ہے کہ میں آسمان کی طرف دیکھنے سے ڈرتی ہوں۔ خاص طور پر رات کے وقت اور مطلع ابر آلود ہونے کی صورت میں زیادہ خوف محسوس ہوتا ہے۔ اسی طرح مجھے سورج گرھن اورچاند گرھن سے بھی خوف آتا ہے۔ برائے کرم کوئی ایسی دعا بتائیں کہ جس کے پڑھنے سے باذن اللہ میرا یہ خوف جاتا رہے یا کوئی ایسا طریقہ بتائیں کہ اس پر عمل پیرا ہو کراس خوف سے نجات حاصل کرسکوں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مجھے تواس ڈر کا کوئی سبب معلوم نہیں ہوتا۔ زمین وآسماں، چاند وسورج وغیرہ یہ سب چیزیں اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہیں، جنہیں اللہ تعالیٰ نےاپنے بندوں کی خدمت کےلیے وقف فرمارکھا ہے اورانہیں بنظر عبرت دیکھنے کا حکم دیا ہے۔ میری بہن! آپ بکثرت اسماء وصفات باری تعالیٰ کا ذکرکریں۔ تلاوت کلام پاک کریں۔ آیات قدرت اورخالق ارض وسماء کی صناعی کے عجائبات کے بارے میں تفکروتدبر کریں اوربارگاہ الٰہی میں خشوع وخضوع کے ساتھ دعا کریں اوراس سے مشکلات کا حل چاہیں۔ امید ہے اس طرح آپ کا یہ خوف جاتا رہے گا، اوران شاء اللہ اس کے بدلے اطمینان وسکون میسر آئے گا۔ شیخ ابن جبرین

ھٰذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ برائے خواتین

دعاء، صفحہ:301

محدث فتویٰ